مولانا حامد الحق حقانی
مدرس جامعہ دارالعلوم حقانیہ

دارالعلوم کے شب و روز

حضرت مہتمم صاحب کی مصروفیات: (یکم مئی ۲۰۱۸ء) حضرت مولانا سمیع الحق کی دعوت پر سیاسی اور ذیلی جماعتوں کا مشاورتی اجلاس اسلام آباد میں مولانا سمیع الحق کی صدارت میں منعقد ہوا۔جس میں جمعیت علماء اسلام (س) کے مولانا عبدالرؤف فاروقی ،مولانا شاہ عبدالعزیز،مولانا سید محمد یوسف شاہ، اہل سنت والجماعت کے مولانا محمد احمد لدھیانوی اور متحدہ جمعیت اہل حدیث کے مولانا ضیاء اللہ شاہ بخاری، ملی مسلم لیگ کے محمد حارث ڈار، جمعیت علماء اسلام نظریاتی کے مولانا خلیل احمد مخلص، مولانا محمد زبیر البازی، تحریک نوجوانان پاکستان کے عبداللہ گل،انصار الامہ پاکستان کے مولانا فضل الرحمٰن خلیل، پاکستان راہ حق پارٹی کے حکیم محمد ابراہیم قاسمی، مشائخ پاکستان کی طرف سے صاحبزادہ فیاض الحسن حق باہو اور دیگر اہم رہنماؤں نے شرکت کی۔اجلاس میں ملک کی سیاسی صورتحال پر غور کیا گیا اور حکومتوں کی پالیسی کے نتیجہ میں ملک کو پہنچنے والے نقصان پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے تمام قائدین نے اس بات پر اتفاق کیا کہ قوم کو استحصالی سیاسی قوتوں سے نجات دلانے اور ملک کو سیاسی، اقتصادی اور معاشرتی بحرانوں سے نکالنے اور داخلی و خارجی سازشوں سے محفوظ بنانے کیلئے مشترکہ سیاسی جدوجہد کی جائے۔آئندہ دوسرا سربراہی اجلاس مولانا مدظلہ کی دعوت پر اسلام آباد میں منعقد ہوگا۔جسمیں اتحاد کے تمام اُمور کو حتمی شکل دینے پر غور کیا جائیگا۔

دارالعلوم میں سالانہ تعطیلات : دارالعلوم کی سالانہ دستار بندی کے بعد ایک ہفتہ دارالعلوم کے امتحانات جاری رہے اوراس کے بعد بروز ہفتہ وفاق المدارس العربیہ کے درجات کے امتحانات ۱۴۔اپریل کو شروع ہوکر بروز جمعرات ۱۹۔اپریل کو اختتام پذیر ہوئے،یاد رہے کہ پورے پاکستان کے امتحانی ہالوں میں جامعہ دارالعلوم حقانیہ کا ہال سب سے بڑا رہا جس میں طلباء کی تعداد تقریباً پانچ ہزار سے متجاوز رہی ۔اس کے بعد دارالعلوم کی سالانہ ڈھائی ماہ کی تعطیلات کا آغاز ہوگیا ہے۔

نائب مہتمم کی وفاق المدارس العربیہ ملتان پرچہ جات کی نگرانی: نائب مہتمم حضرت مولانا انوار الحق مدظلہ وفاق المدارس ملتان کے زیراہتمام دئے گئے امتحانات کے پرچہ جات کی چیکنگ ونگرانی کیلئے تشریف لے گئے ۔

☆ ۲۴ ۔۲۵مارچ کو حضرت مہتمم صاحب کی عیادت کے لئے جماعت اسلامی کے صوبائی امیر وسینیٹر مشتاق احمد خان تشریف لائے ،اس کے علاوہ سابق وفاقی وزیر پیر حضرت مولانا نور الحق قادری صاحب بھی حضرت مہتمم صاحب کی عیادت کیلئے تشریف لائے اور مولانا مدظلہ سے ملاقات بھی کی۔سابق گورنر صوبہ خیبر پختونخوا شوکت اللہ خٹک حضرت مولانا سمیع الحق صاحب کی عیادت کیلئے تشریف لائے اور احقر سے حضرت مولانا مدظلہ کی خیریت و صحت کے بارہ میں تفصیلی ملاقات کی۔